# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 28 October-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۸/ اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ اسمبلی انتخابات کے کاغذاتِ نامزدگی جمع کرانے کا کل آخری دن؛ متعدد انتخابی حلقے ہنوز اہم سیاسی جماعتوں کے امیدواروں کے منتظر۔

☆ مہایوتی میں راشٹر وادی کانگریس وشیوسینا' جبکہ مہاوکاس آگھاڑی میں کانگریس اور راشٹر وادی کانگریس کے کچھ امیدواروں کا اعلان۔

☆ اورنگ آباد مشرقی حلقے میں کانگریس اور ونچیت بہوجن آگھاڑی کے امیدوار تبدیل۔

☆ سائبر جعلسازیوں کے واقعات کی روک تھام کیلئے سبھی کو بیدار رہنے کا وزیرِ اعظم کا مشورہ۔

**اور**

☆ خوشیوں اور روشنیوں کے تہوار دیپاولی کا آج سے آغاز؛ خریداری کیلئے بازاروں میں گاہکوں کی بھیڑ۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

ریاستی اسمبلی کے عام انتخابات کے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کی مہلت کل ختم ہو رہی ہے۔ تاہم' مہایوتی اور مہاوکاس آگھاڑی سمیت کئی سیاسی جماعتوں نے ہنوز کچھ حلقوں کے امیدواروں کا اعلان نہیں کیا ہے۔ مہایوتی کی جانب سے اب تک مجموعی طور پر 235 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا گیا ہے، جن میں بی جے پی کے 121، شیوسینا کے 65 اور راشٹر وادی کانگریس کے 49 امیدوار شامل ہیں۔ جبکہ مہاوکاس آگھاڑی کی جانب سے اب تک 259 امیدواروں کا اعلان ہو چکا ہے، ان میں کانگریس کے 99، شیوسینا ادھو باڑ اصاحب ٹھاکرے پارٹی کے 84 اور راشٹر وادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے 76 امیدوار شامل ہیں۔

مہایوتی کی حلیف جماعت راشٹر وادی کانگریس نے کل اپنے امیدواروں کی تیسری فہرست جاری کی۔ ان میں بیڑ ضلعے کے گیورائی حلقے سے وجے سنگھ پنڈت اور اہلیا نگر ضلعے کے پارنیر حلقے سے کاشی ناتھ داتے کو امیدواری دی گئی ہے۔

شیوسینا کی جانب سے بھی 20 امیدواروں کی دوسری فہرست کل جاری کی گئی۔ ان میں حدگاؤں حلقے سے بابوراؤ کدم کوہلیکر، جنوبی ناندیڑ حلقے سے آنند تڑکے پاٹل، پربھنی سے آنند بھروسے، ورلی سے ملند دیورا، کڈاڑ سے نیلیش رانے اور رسوڑ حلقے سے بھاونا گولی کو امیدوار بنایا گیا ہے۔

کانگریس نے بھی اپنی چوتھی فہرست میں کل 14 امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا۔ اس میں شمالی ناندیڑ سے عبدالستار عبدالغفور کو امیدوار بنایا گیا ہے۔

کانگریس سمیت ونچیت بہوجن آگھاڑی نے اورنگ آباد مشرقی حلقے سے اپنا امیدوار تبدیل کر دیا ہے اور اب اس حلقے میں کانگریس سے مدھوکر دیشمکھ کی بجائے لہو شیواڑے اور ونچیت بہوجن آگھاڑی سے وکاس دانڈگے کی بجائے افسر خان کو امیدوار بنایا گیا ہے۔

راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی نے بھی کل اپنے امیدواروں کی تیسری فہرست ظاہر کی۔ ان میں ماجلگاؤں حلقے سے موہن جگتاپ' پرلی حلقے سے راجے صاحب دیشمکھ اور انوشکتی نگر سے فہد احمد کو امیدواری دی گئی۔

جبکہ مہاراشٹر نونرمان سینا نے بھی کل 32 امیدواروں کی اپنی چھٹی فہرست کا اعلان کیا۔ بھوکر حلقے سے سائی پرساد جٹالوار، شمالی ناندیڑ حلقے سے سداشیوا آرسوڑے، اور پربھنی حلقے سے شری نواس لاہوٹی کو امیدواری دی گئی ہے۔

***** ***** *****

وزیرِاعظم نریندر مودی نے ڈیجیٹل جعلسازی جیسی دھوکے بازی کے واقعات کی روک تھام کیلئے سبھی شہریوں کو ہوشیار رہنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ وزیرِاعظم مودی کل آکاشوانی کے ''پروگرام من کی بات'' میں اظہارِخیال کر رہے تھے۔ انہوں نے سائبر جعلسازیوں کے خلاف مہم میں تمام طلباء سے حصہ لینے کی اپیل بھی کی۔ سماج کے ہر فرد کی کوششوں سے ہی اس چیلنج کا مقابلہ کرنے پر زور دیتے ہوئے وزیرِاعظم نے ایسے واقعات سے ہوشیار رہنے سے متعلق سامعین کی رہنمائی کی۔ انھوں نے کہا:

Byte

*ڈیجیٹل سُرکشا کے تین چرن ہیں' رُکو سوچو ایکشن لو۔ کال آتے ہی رُکو گھبرائیں نہیں' شانت رہیں' سمجھو ہو تو اسکرین شاٹ لیں' ریکارڈنگ ضرور کریں' اپنی ویکتی گت جانکاری نہ دیں۔ دوسرا چرن' کوئی بھی سرکاری ایجنسی فون پر ایسی دھمکی نہیں دیتی' نہ ہی ایسے پیسہ کی مانگ کرتی ہے۔ اگر ڈر لگے تو سمجھیے کچھ گڑبڑ ہے۔ تیسرا چرن کہتا ہوں! ایکشن لو' راشٹریہ سائبر ہیلپ لائن 1930 ڈائل کریں۔ سائبر کرائم GOV اِن پر رپورٹ کریں۔ پریوار اور پولس کو سوچت کریں' ثبوت سُرکشت رکھیں۔ ساتھیو! ڈیجیٹل اریس جیسی کوئی ویوستھا قانون میں نہیں ہے' تمام جانچ ایجنسیاں راجیہ سرکاروں کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہیں' لیکن بہت ضروری ہے ہر کسی کی جاگرکتا' ہر ناگرک کی جاگرکتا۔''*

انہوں نے خوشنویسی، عوامی فنون، کلاسیکی رقص، دفاع، خلائی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں بھارت کی کامیاب پیش رفت کا جائزہ لیا۔

وزیرِاعظم نے ''فٹ انڈیا'' مہم کے تحت، مختلف نکات کے ذریعے ورزش کی اہمیت کو بھی واضح کیا۔

کل ''ورلڈ اینیمیشن ڈے'' کی مناسبت سے بولتے ہوئے وزیرِاعظم نے اینیمیشن کی دنیا میں میڈ ان انڈیا اور میڈ بائے انڈینس کے اثر و رسوخ کا فخریہ طور پر اظہار کیا اور بھارت کو ایک عالمی اینیمیشن پاور ہاؤس بنانے کا عزم کرنے کی اپیل کی۔

وزیرِاعظم نے اپنے خطاب میں سبھی اہلِ وطن کو دیوالی اور چھٹ پوجا تہوار کی مبارکباد دیتے ہوئے ''ووکل فار لوکل'' کے نعرے کو ذہن نشین رکھتے ہوئے تہواروں کے موقعے پر مقامی دکانداروں اور تاجروں سے ہی خریداری کرنے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کے موقعے پر ''آڑھاوا وِدھان سبھا متدار سنگھانچا'' پروگرام روزانہ شام سات بجکر دس منٹ پر آکاشوانی سے نشر کیا جا رہا ہے۔ اس پروگرام میں آج رتناگری اور سندھودُرگ اضلاع کے اسمبلی حلقوں کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔

***** ***** *****

خوشیوں اور روشنیوں کا تہوار دیپ اُتسو کی آج وَسو بارسے کی پوجا سے شروعات ہورہی ہے۔گائے اور بچھڑے کی پوجا کرنے کے بعد گھر گھر دیوالی کے تہوار کا آغاز ہوجائے گا۔ اس ضمن میں بازاروں میں آکاش دیپ قمقمے' گھروں کی سجاوٹ کی اشیا اور سامان اور آتش بازی کیلئے پٹاخوں کی خریداری کیلئے عوام کی بھیڑ اُمڈ پڑی ہے۔

***** ***** *****

ممبئی کے واندرے ٹرمینس پر کل صبح مسافروں کی بھیڑ کے سبب بھگدڑ مچ گئی، اس دوران نو افراد زخمی ہو گئے جبکہ دو افراد کی حالت تشویشناک بتائی گئی ہے۔ واندرے ٹرمینس کے پلیٹ فارم نمبر ایک پر واندرے۔گورکھپور ریلوے گاڑی میں سوار ہونے والوں کی زیادہ بھیڑ ہونے کے باعث یہ بھگدڑ ہوئی۔ دیوالی تہوار کیلئے اپنے گھر جانے والے مزدور اس بھیڑ میں شامل تھے۔

دریں اثنا، دیوالی کے پیشِ نظر اضافی بھیڑ سے بچنے کیلئے کچھ اہم ریلوے اسٹیشنوں کے پلیٹ فارم پر آئندہ 8 نومبر تک ٹکٹوں کی فروخت بند رہے گی۔ چھترپتی شیواجی مہاراج ٹرمینس، دادر، لوک مانیہ تلک ٹرمینس، تھانے، اور کلیان، پونے، ناگپور ریلوے اسٹیشن ان میں شامل ہیں۔ معمر شہریوں اور بیمار افراد کے ساتھ آنے والے مسافروں کو اس سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے۔

***** ***** *****

لاتور ضلعے کے نلنگہ اسمبلی حلقے کے دو ہزار 165 رائے دہی افسران اور عملے کو پہلے مرحلے کی تربیت کل نلنگہ میں دی گئی۔ ضلع انتخابی افسر ورشا ٹھاکر گھگے کی رہنمائی اور نلنگہ کے انتخابی فیصلہ افسر شرد جھاڑکے کی سربراہی میں یہ تربیتی اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر تمام رائے دہی مراکز کے صدور اور رائے دہی افسران کو انتخابات میں پیش آنے والے عمومی مسائل کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع میں لوک سبھا کے ضمنی انتخاب اور چھ اسمبلی حلقوں کے ووٹوں کی گنتی ناندیڑ کی سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے نالج سینٹر میں کی جائے گی۔ اس عمارت میں 12 گنتی مراکز قائم کیے گئے ہیں، جن میں لوک سبھا کیلئے چھ اور قانون ساز اسمبلی کیلئے چھ مراکز شامل ہیں' اسی طرح اسٹرانگ روم بھی قائم کیا گیا ہے۔ لوہا' کنوٹ اور حدگاؤں کے تین اسمبلی حلقوں کے ووٹوں کی گنتی ان کے متعلقہ مقامات پر ہی کی جائے گی۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع اسپتال میں خون کی قلت ہونے کے پیشِ نظر عوام سے خون کا عطیہ کرنے کی اپیل ضلع سول سرجن اشوک تھورات نے کی ہے۔ اس اسپتال میں ہنگامی حادثاتی شعبے، سرجری شعبے اور ضلع بھر سے ہیموفیلیا' تھیلیسیمیا سے متاثرہ بچے بھی زیرِ علاج ہیں اور انھیں ہفتے یا پندرہ دِن میں خون دینے کی ضرورت ہوتی ہے جس کی وجہ سے ضلع اسپتال میں روزانہ 40 تا 45 خون کی تھیلیاں درکار ہونے کی اطلاع تھورات نے دی ہے۔

***** ***** *****

خواتین کی کرکٹ میں دوسرے ایک روزہ میچ میں بھارت کو نیوزی لینڈ کے ہاتھوں 76 رنوں سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ گزشتہ روز کھیلے گئے میچ میں نیوزی لینڈ کی خواتین ٹیم نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے مقررہ اوورو ں میں نو وکٹوں پر 259 رنز اسکور کیے۔ اس ہدف کے تعاقب میں بھارتی خواتین کی پوری ٹیم 48 ویں اوور میں 183 رنوں پر ہی آؤٹ ہوگئی۔ تین میچوں کی سیریز میں دونوں ٹیمیں ایک ایک جیت کے ساتھ سے برابری پر ہیں اور سیریز کا آخری وفیصلہ کُن میچ کل احمد آباد میں کھیلا جائے گا۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ اسمبلی انتخابات کے کاغذاتِ نامزدگی جمع کرانے کا کل آخری دن؛ متعدد انتخابی حلقے ہنوز اہم سیاسی جماعتوں کے امیدواروں کے منتظر۔

☆ مہایوتی میں راشٹر وادی کانگریس وشیوسینا‘ جبکہ مہاوکاس آگھاڑی میں کانگریس اور راشٹر وادی کانگریس کے کچھ امیدواروں کا اعلان۔

☆ اورنگ آباد مشرقی حلقے میں کانگریس اور ونچیت بہوجن آگھاڑی کے امیدوار تبدیل۔

☆ سائبر جعلسازیوں کے واقعات کی روک تھام کیلئے سبھی کو بیدار رہنے کا وزیرِ اعظم کا مشورہ۔

**اور**

☆ خوشیوں اور روشنیوں کے تہوار دیپاولی کا آج سے آغاز؛ خریداری کیلئے بازاروں میں گاہکوں کی بھیڑ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل‘ پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****